حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر ایک احسان کا ذکر

(فرمودہ ۲۹- مئی ۱۹۱۴ء)

تشہّد و تعوّذ اور سورۃ فاتحہ کے بعد حضور نے مندرجہ ذیل آیات کی تلاوت کی:-

وَ اِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَ اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ- وَ اِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَ اَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ- ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ- وَ اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ- وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ [1]-

پھر فرمایا:-

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم بنی اسرائیل پر اللہ تعالیٰ ایک اور احسان بیان فرماتا ہے جیسا کہ مَیں پہلے بیان کرچکا ہوں کہ ان رکوعوں میں اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو بار بار اپنے احسانات گنائے ہیں اور بار بار احسان گنانے کی وجہ یہ ہے کہ ان کو بتایا ہے کہ دیکھو بنی اسحق سے جو وعدے ہم نے کئے تھے وہ پورے ہوگئے ہیں اور ان سے ہم نے وعدہ خلافی نہیں کی- جب ان سے وعدہ خلافی نہیں کی گئی تو پھر کیا وجہ ہے کہ تم سے وعدہ خلافی کی جاوے گی- جو انعامات بنی اسرائیل پر خداتعالیٰ نے کئے تھے ان میں سے ایک اور انعام بیان فرماتا ہے کہ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَ اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ-

جب موسیٰ علیہ السلام بہت مدت فرعون اور اس کی قوم کو تبلیغ کرتے رہے اور ان کو کوئی اثر نہ ہوا تو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ تم اپنی قوم کو لے کر اس ملک سے نکل جاؤ- جب آپ اپنی قوم کو لے کر چلے تو فرعون کو اس بات کا پتہ لگ گیا وہ بہت سالشکر لے کر ان کے پیچھے دوڑا- لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت اور طاقت سے موسیٰ علیہ السلام اور اس کے ساتھیوں کو تو بچالیا لیکن فرعون اور اس کے ہمراہیوں کو غرق کردیا- اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل کو فرماتا ہے کہ ہم نے تمہاری خاطر سمندر کو پھاڑا اور تم کو فرعون کے لشکر سے نجات دی اور تمہاری آنکھوں کے سامنے آل فرعون کو غرق کیا- ایک احسان ایسا ہوتا ہے جو انسان سنتا ہے کہ ایسا میرے لئے ہوا- اس بات کا اس پر اور اثر ہوتا ہے لیکن جب وہ اپنی آنکھوں سے اپنے اوپر کوئی احسان ہوتے دیکھتا ہے تو اس کی خوشی اور راحت بہت بڑھ جاتی ہے- بنی اسرائیل نے اپنی آنکھوں سے یہ دیکھا کہ ہم اور ہمارے دشمن ایک ہی جگہ سے آئے تھے- لیکن جب ہم دریا سے گزرے ہیں تو دریا کا اکثر حصہ خشک تھا اور کہیں کہیں پانی تھا اس لئے ہم تو صحیح و سلامت گزر گئے ہیں لیکن جب اسی جگہ سے فرعون اور اس کا لشکر گزرنے لگا ہے تو پانی کی ایک لہر نے ان کو غرق کردیا ہے- مگر باوجود اتنے بڑے اور کھلے نشانات دیکھنے کے وہ باز نہ آئے اور موسیٰ علیہ السلام کو دکھ ہی دیتے رہے اور ان کی نافرمانی ہی کرتے رہے- اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے بنی اسرائیل! جو وعدہ ہم نے تمہارے ساتھ فرعون سے چھڑانے کا کیا تھا اور تم کو مصیبت سے نجات دی تھی لیکن تم نے اس کی کوئی قدر نہ کی- پھر موسیٰ سے چالیس راتوں کا وعدہ کیا (تیس راتوں کا ایک دفعہ اور دس کا ایک دفعہ- دونوں ملا کر چالیس راتیں ہوئیں) لیکن اے بنی اسرائیل! باوجود یکہ تم اتنے نشانات دیکھے لیکن پھر بھی تم بچھڑے کے پجاری بن گئے اور مشرک ہوگئے' ظالم - مشرک کو بھی کہتے ہیں-

بنی اسرائیل فرعونیوں کے ماتحت تھے اس لئے ان کے دلوں میں ان کی صحبت کی وجہ سے بچھڑے کی پرستش کے خیالات بیٹھے ہوئے تھے- اب بھی جہاں جہاں مسلمان ہندوؤں کے زیر اثر ہیں' وہاں گائے کا گوشت نہیں کھاتے- مَیں یہاں کے پرائمری سکول میں پڑھنے جایا کرتا تھا اور جیسا کہ پرائمری سکولوں کا قاعدہ ہے کہ تمام دن کھلے رہتے ہیں ہمارا سکول بھی کھلا رہتا تھا' اس لئے میرا کھانا مدرسہ ہی میں گیا- جب مَیں کھانا کھانے لگا تو ایک مسلمان لڑکے نے

مجھے کہا کہ ہیں مرزا جی! آپ ماس کھانے لگے ہیں۔ مجھے معلوم نہیں تھا کہ ماس کیا ہوتا ہے۔ میں نے کہا کہ ماس کیا؟ تو اس نے کہا کہ کیا آپ گوشت کھایا کرتے ہیں؟ مَیں نے کہا ہم تو ہر روز اپنے گھر گوشت کھاتے ہیں۔ اس مسلمان لڑکے اس قدر تعجب سے مجھ سے یہ بات پوچھنے کی وجہ یہ تھی کہ وہ ہندو استاد سے پڑھتا تھا۔ بنی اسرائیل میں فرعونیوں کے خیالات اثر کر چکے تھے، جن کی موسیٰ علیہ السلام اصلاح کرتے رہتے تھے۔ اس لئے ان کو اپنے خیالات پر عمل کرنے کا موقع نہ ملتا تھا لیکن جب موسیٰ علیہ السلام ان سے چند دنوں کیلئے جدا ہوئے تو ان کو موقع مل گیا اور انہوں نے بچھڑے کی پرستش شروع کردی۔

جس طرح ہمارے چند آدمیوں نے چونکہ حضرت خلیفۃ المسیح مرحوم و مغفور کی بیعت کی ہوئی تھی اس لئے آپ کے سامنے کچھ نہیں کرسکتے تھے۔ لیکن ادھر آپ کی آنکھیں بند ہوئی اور اُدھر انہوں نے ٹریکٹ شائع کردیا۔ یہ کام ہمیشہ جھوٹے ہی لوگوں کا ہوتا ہے اور وہ ہر وقت نیش زنی کے منتظر رہتے ہیں۔ جہاں ان کو موقع ملتا ہے وہیں شرارتیں شروع کردیتے ہیں، سچے آدمی کبھی ایسا نہیں کرتے۔ بنی اسرائیل میں جب تک موسیٰ علیہ السلام رہے انہوں نے کسی قسم کی چوں و چرا نہ کی لیکن جب آپ گئے تو جھٹ بچھڑے کو پوجنے لگ گئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ پھر ہم نے اس کے بعد تم پر رحم کرکے عفو کیا۔ یعنی باوجود ساری قوم کے مشرک ہوجانے کے عذاب بعض لوگوں کو ہی دیا۔ جس کی غرض زیادہ تر یہ تھی کہ تم شکر کرتے اور موسیٰ کی فرمانبرداری کرتے مگر تم نے پھر بھی ایسا نہ کیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے موسیٰؑ کو فرقان دیا تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ تمام انبیاء کیلئے ایک کتاب ہوتی ہے اور ایک فرقان۔ بعض انبیاء تو نئی شریعت لاتے ہیں، اس لئے ان کو نئی کتاب ملتی ہے۔ لیکن بعض کو الہام کے ذریعے بتایا جاتا ہے کہ تم پہلی شریعت کی ہی پیروی کرو، یہ بھی ان کیلئے کتاب ہوتی ہے۔ فرقان یہ ہوتا ہے کہ انبیاء کو خدا تعالیٰ حق و باطل میں تمیز کرنے کی فراست اور طاقت عطا کردیتا ہے۔ فرقان کے معنی ہیں رستہ کے۔ یعنی اللہ تعالیٰ انبیاء کو ہر ایک مصیبت کے وقت ایسی راہ بتادیتا ہے کہ جس سے وہ دشمن سے کبھی مغلوب نہیں ہوتے۔

خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی اور فرقان دیا تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ لیکن تم نے اس پر عمل نہ کیا اور شرارت کرنی شروع کردی۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم! تم نے یہ اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے کہ ایک بچھڑے کو پوجنے لگ گئے

ہو پس اب اس کا علاج یہ ہے کہ اپنے رب کی طرف جھک جاؤ اور اپنے رشتہ داروں کو جنہوں نے شرارت میں زیادہ حصہ لیا ہے قتل کردو- یہی تمہارے لئے بہتر ہے تمہارے رب کے نزدیک - اگر تم ایسا کروگے تو خدا بھی تمہاری طرف جھک جائے گا اور تمہیں باوجود اتنی شرارتیں کرنے کے بھی معاف کردے گا کیونکہ وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے- جب موسیٰ علیہ السلام واپس آئے تو انہوں نے دیکھا کہ شرارت بہت بڑھ گئی ہے تو انہوں نے حکم دیا کہ اس شرارت کے جو لوگ سرغنے ہیں ان کو تلاش کرو جب سرغنے پکڑوے گئے تو انہوں نے حکم دیا کہ ان کے رشتہ دار ہی ان کو قتل کریں- فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ کے یہی معنی ہیں کہ اپنے اپنے رشتہ داروں کو مارو- اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ شرارت توتم سب نے کی تھی- لیکن تمہارے بڑے بڑے سرغنوں کو ہی سزا دے کر باقیوں کو ہم نے چھوڑ دیا- مگر پھر بھی تم نے اپنی شرارتوں کو نہ چھوڑا- ہم نے تو تمہاری شرارتوں کے باوجود بھی تم سے تعلق نہ توڑا- اور اگر پھر بھی تم توبہ کرتے تو ہم معاف کردیتے- خدا تعالیٰ اور خدا کے نیک بندے کسی سے خود فوراً قطع تعلق نہیں کرتے- حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے مولوی محمد حسین بٹالوی کی نسبت ایک کتاب میں لکھا ہے کہ تو نے ہی محبت کا درخت کاٹا ہے مَیں نے نہیں کاٹا[۲]-

تم اس بات کو یاد رکھو کہ اگر تم اللہ تعالیٰ سے تعلق رکھو گے تو وہ کبھی تم سے اپنا تعلق قطع نہیں کرے گا- جب کبھی کسی قوم کا تعلق خدا سے کٹتا ہے اس کے اپنے ہی نفسوں کی غلطیوں سے کٹتا ہے- اگر انسان اپنے نفس کی غلطیوں کے متعلق احتیاط سے کام لے تو خدا تعالیٰ ضرور اس پر رحم کرتا ہے- تم بنی اسرائیل ہی کو دیکھو' کتنی شرارتیں اور بدیاں انہوں نے کیں لیکن پھر بھی اللہ تعالیٰ اپنے رحم سے انہیں معاف ہی کرتا رہا- جب انسان کو کسی قسم کی سزا ملے تو اس کو یہی سمجھنا چاہیئے کہ یہ کسی میرے اپنے ہی قصور اور گناہ کی وجہ سے ہے- حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ رنجیت سنگھ کا ایک بیٹا تھا- ایک دن اس کے باورچی سے کھانے میں نمک زیادہ پڑگیا' اس نے حکم دیا کہ اس کی کھال اُتروادو- وزیر نے یہ حکم سن کر عرض کیا کہ اس چھوٹے سے قصور پر اتنی بڑی سزادینا ظلم ہے' اس سے لوگوں میں نفرت پیدا ہوجائے گی- تو اس نے کہا کہ تم جانتے نہیں اس باورچی نے تو میرا سَو بکرا کھالیا ہے' نمک کا زیادہ پڑنا تو اس کو سزا دینے کا بہانہ ہے- حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ انسان

جب گناہ کرتا کرتا حد سے گزر جاتا ہے تب معمولی سا قصور ہی اس کی سزا کا موجب بن جاتا ہے- اس لئے ہر وقت انسان کو توبہ میں لگے رہنا چاہیئے [۳] - انسان جب بہت غلطیاں کرتا ہے اور بڑی بڑی شرارتیں اس سے سرزد ہوتی ہیں تب جا کر خداتعالیٰ اس کو پکڑتا ہے- بعض غلطیاں انسان سے ایسی بھی ہوجاتی ہیں جن کو وہ سمجھ نہیں سکتا اس لئے چاہیئے کہ انسان ہروقت توبہ اور استغفار میں لگا رہے-

تم خداتعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط کرو- جن سے خداتعالیٰ کا تعلق ہوتا ہے ان سے خداتعالیٰ خود کبھی نہیں توڑتا- بنی اسحٰق پر جو انعامات ہوئے وہ اب بھی پورے ہوسکتے ہیں بشرطیکہ تم ان برگزیدہ کی طرح ہوجاؤ-

(الفضل ۳-جون ۱۹۱۴ء)

---

[۱] البقرۃ:۵۱ تا ۵۵

[۲] قَطَعْتَ وِدَادًا قَدْ غَرَسْنَاهُ فِی الصَّبَا- براہین احمدیہ حصہ پنجم صفحہ ۳۳۵ روحانی خزائن جلد ۲۱ صفحہ ۳۳۵-

[۳] ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۶۳۹ (نیاایڈیشن) میں یہ واقعہ رنجیت سنگھ کی بجائے شیر سنگھ کے بیٹے پرتاب سنگھ کے متعلق درج ہے-